| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'م' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'م' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے دو) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں ''کو حرف تہجی اردو کے'' نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے حروف 'ا تا ل' کا تلفظ صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'م' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'م' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'م' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'م' ہے یہ حروف تہجی بتیسواں حرف ہے اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'م' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'م' کے ذخیرہ الفاظ (مولی، مچھلی، میز، مالٹا، مٹر، مینڈک، مور) فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے۔ بچوں کو مچھلی فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر پوچھا جائے گا کہ مچھلی کون سا جانور ہے؟ آبی یا زمینی بچوں سے مچھلی کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>بچوں کو حرف 'م' سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھائی جائیں گی۔ | 10 منٹ | پی پی ٹی | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو 'م' کے کٹ آؤٹس دیے جائیں گے۔ بچے مختلف رنگوں کی مدد سے انگلی کے ساتھ 'م' کی لکھائی کی مشق کریں گے۔ | 20 منٹ | 'م' کٹ آؤٹس، رنگ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'م' کی آواز پوچھی جائے گی 'م' کون سے حرف کے بعد آتا ہے پوچھا جائے گا | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'م' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'م' کی پہچان کرسکیں'۔اور اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ ( کوئی سے چار) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی اردو کے نظم سنائی جائے گی بچوں کو حرف 'م' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'م' کا درست تلفظ،آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'م' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'م' کی نظم سنائی جائے گی۔<br>مچھلی کا بچہ انڈے سے نکلا پانی میں پھسلا ابو نے پکڑا<br>بھیا نے کاٹا امی نے پکایا ہم سب نے مل کر کھایا بڑا مزہ آیا<br>بچوں کو حرف 'م' سے شروع ہونے والی اشیاء دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پلے ڈو سے حرف 'م' بنانے کی مشق کروائی جائے گی۔بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 74 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف 'م' پر انگلی پھیریے اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے۔حرف 'م' کی آواز بار بار دہرائی جائے گی۔ | 20 منٹ | پلے ڈو<br>کتاب صفحہ نمبر 74 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے مولی اور مٹر کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**ہوم ورک:**<br>دی گئی تصاویر میں سے حرف 'م' سے شروع ہونے والی تصاویر کے گرد دائرہ لگائیے۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **مضمون:** | اردو | **جماعت:** | پلے گروپ | **موضوع:** | حرف 'م' | **دن:** | تیسرا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'م' کی پہچان کر سکیں۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'م' کا تلفظ، اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ 'م' کی نظم دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'م' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'م' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'م' کی کہانی سنیں گے۔<br>ماریہ اور منیب مزے سے مالٹے کھا رہے تھے اور سردیوں کی دھوپ کا مزہ لے رہے تھے۔ ماریہ کی امی پاس بیٹھی مٹر چھیل رہی تھی جبکہ اس کے ابو مسجد نماز پڑھنے گئے تھے منیب نے ماریہ کو بتایا کہ رات اس نے ٹی وی پر مگر مچھ سے متعلق ایک کہانی دیکھی ماریہ کے ابو گھر واپس آتے ہوئے مونگ پھلی لے کر آئے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو مالٹا کے کٹ آؤٹس دیئے جائیں گے بچے نارنجی اور سبز کاغذ کے چھوٹے ٹکڑوں کو مالٹا پر چسپاں کریں گے بچوں سے مالٹا کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ مالٹا سردیوں کے موسم کا پھل ہے۔ | 20 منٹ | مالٹا کٹ آؤٹس، تارنجی اور سبز کاغذ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے مالٹا اور مینڈک کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'م' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'م' کی پہچان کر سکیں'۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ ( کوئی سے سات ) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'م' کا تلفظ، اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے حرف 'م' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا اور اس میں استعمال ہونے والے 'م' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے کہ آج ہم 'م' کے مزید الفاظ جانیں گے بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے، مٹر، میز اور مور کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔<br>بچوں سے ان الفاظ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سیاہ/سفید بورڈ پر 'م' سے شروع ہونے والے جانوروں کی تصاویر چسپاں کی جائیں گی۔ مثال کے طور پر مینڈک مور، مچھلی، مرغی، مگر مچھ وغیرہ بچوں سے ان کے نام پوچھے جائیں گے بچوں سے ان کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 75 کھولنے کو کہا جائے گا دی گئی تصاویر کے نام بتانے کو کہا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ کیا گائے کی ابتدائی آواز م ہوتی ہے؟ بچوں کو 'م' سے شروع ہونے والی اشیاء کے گرد دائرہ لگانے اور 'م' پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے میز اور مور کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حرف اور اشیاء فلیش کارڈ<br>جانوروں کے فلیش کارڈ کتاب صفحہ نمبر 75 | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'م' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'م' کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’م‘ | دن: | پانچواں |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ ’حرف ’م‘ کی پہچان کر سکیں‘۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ ( کوئی سے سات ) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’م‘ کے تمام فلیش کارڈ دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 3منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’م‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’م‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>حرف ’م‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا کہ یہ کون سا حرف ہے۔ بچوں کو Sand letters دے کہ حرف ’م‘ کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | Sand Letter | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف ’م‘ پر پینسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کو انفرادی طور پر توجہ دی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔ | 30منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ’م‘ کی صوتی آواز پوچھی جائے گی اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف ’م‘ پر پینسل پھیریے۔ | 2منٹ | | |